احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات یکم نومبر 2007ء

روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD   ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات یکم نومبر 2007ء 19 شوال 1428 ہجری یکم نبوت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 248

جاہلیت کی عادت

حضرت ابوذرؓ بخاری بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص سے میرا جھگڑا ہو گیا تو میں نے اسے ماں کی گالی دی۔ اس شخص نے رسول اللہؐ کے پاس میری شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا:۔

تو ابھی ایسا شخص ہے جس میں جاہلیت کی عادت باقی ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الادب باب ما ینھی من السباب حدیث نمبر:5590)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اپنی زندگی غربت اور مسکینی میں بسر کرو

اہل تقویٰ کے لئے یہ شرط ہے کہ وہ اپنی زندگی غربت اور مسکینی میں بسر کریں۔ یہ تقویٰ کی ایک شاخ ہے، جس کے ذریعہ سے ہمیں ناجائز غضب کا مقابلہ کرنا ہے۔ بڑے بڑے عارف اور صدیقوں کے لئے آخری اور کڑی منزل غضب سے بچنا ہی ہے۔ عُجب و پندار غضب سے پیدا ہوتا ہے اور ایسا ہی کبھی خود غضب عجب و پندار کا نتیجہ ہوتا ہے، کیونکہ غضب اس وقت ہوگا۔ جب انسان اپنے نفس کو دوسرے پر ترجیح دیتا ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ میری جماعت والے آپس میں ایک دوسرے کو چھوٹا یا بڑا سمجھیں، یا ایک دوسرے پر غرور کریں یا نظر استخفاف سے دیکھیں۔ خدا جانتا ہے کہ بڑا کون ہے یا چھوٹا کون ہے۔ یہ ایک قسم کی تحقیر ہے جس کے اندر حقارت ہے۔ ڈر ہے کہ یہ حقارت بیج کی طرح بڑھے اور اس کی ہلاکت کا باعث ہو جائے۔ بعض آدمی بڑوں کو مل کر بڑے ادب سے پیش آتے ہیں۔ لیکن بڑا وہ ہے جو مسکین کی بات کو مسکینی سے سنے۔ اس کی دلجوئی کرے۔ اس کی بات کی عزت کرے۔ کوئی چڑ کی بات منہ پر نہ لاوے کہ جس سے دکھ پہنچے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے.......... (الحجرات:12) تم ایک دوسرے کا چڑ کے نام نہ لو۔ یہ فعل فُسّاق و فُجّار کا ہے۔ جو شخص کسی کو چڑاتا ہے، وہ نہ مرے گا جب تک وہ خود اسی طرح مبتلا نہ ہوگا۔ اپنے بھائیوں کو حقیر نہ سمجھو۔ جب ایک ہی چشمہ سے کل پانی پیتے ہو، تو کون جانتا ہے کہ کس کی قسمت میں زیادہ پانی پینا ہے۔ مکرم و معظم کوئی دنیاوی اصولوں سے نہیں ہوسکتا۔ خدا تعالیٰ کے نزدیک بڑا وہ ہے جو متقی ہے............

ذاتوں کا امتیاز

یہ جو مختلف ذاتیں ہیں۔ یہ کوئی وجہ شرافت نہیں۔ خدا تعالیٰ نے محض عرف کے لئے یہ ذاتیں بنائیں اور آجکل تو صرف بعد چار پشتوں کے حقیقی پتہ لگانا ہی مشکل ہے۔ متقی کی شان نہیں کہ ذاتوں کے جھگڑے میں پڑے۔ جب اللہ تعالیٰ نے فیصلہ کر دیا کہ میرے نزدیک ذات کی کوئی سند نہیں۔ حقیقی مکرمت اور عظمت کا باعث فقط تقویٰ ہے۔

متقی کون ہیں؟

خدا کے کلام سے پایا جاتا ہے کہ متقی وہ ہوتے ہیں جو حلیمی اور مسکینی سے چلتے ہیں۔ وہ مغرورانہ گفتگو نہیں کرتے۔ ان کی گفتگو ایسی ہوتی ہے جیسے چھوٹا بڑے سے گفتگو کرے۔ ہم کو ہر حال میں وہ کرنا چاہئے۔ جس سے ہماری فلاح ہو۔ اللہ تعالیٰ کسی کا اجارہ دار نہیں۔ وہ خاص تقویٰ کو چاہتا ہے۔ جو تقویٰ کرے گا وہ مقام اعلیٰ کو پہنچے گا۔ (ملفوظات جلد اول ص 22)

اخلاقی حالت ایسی درست ہو کہ کسی کو نیک نیتی سے سمجھانا اور غلطی سے آگاہ کرنا ایسے وقت پر ہو کہ اسے برا معلوم نہ ہو۔ کسی کو استخفاف کی نظر سے نہ دیکھا جاوے۔ دل شکنی نہ کی جاوے۔ جماعت میں باہم جھگڑے فساد نہ ہوں۔ دینی غریب بھائیوں کو کبھی حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھو۔ مال و دولت یا نسبی بزرگی پر بے جا فخر کر کے دوسروں کو ذلیل اور حقیر نہ سمجھو۔ خدا تعالیٰ کے نزدیک مکرم وہی ہے جو متقی ہے؛ چنانچہ فرمایا ہے .... الحجرات:14) دوسروں کے ساتھ بھی پورے اخلاق سے کام لینا چاہئے۔ جو بداخلاقی کا نمونہ ہوتا ہے، وہ بھی اچھا نہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص135)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔ احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

یتامیٰ کی خبرگیری

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔
یتامیٰ کی خبرگیری قومی طور پر کسی جماعت میں پائی جائے تو وہ جماعت کبھی مٹ نہیں سکتی۔

(تفسیر کبیر جلد ہشتم صفحہ:567)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہوسکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

شمع فروزاں

روئے زمیں پہ دین کے سلطان تمہیں تو ہو
شمس و قمر سے بڑھ کے درخشاں تمہیں تو ہو

آئے تھے جس قدر بھی زمانے میں انبیاء
ہر شان میں سبھوں سے نمایاں تمہیں تو ہو

احسان آپ کا ہے ہر اک جاندار پر
خلق خدا میں رحمت یزداں تمہیں تو ہو

جورو جفا و ظلم و تعدی کے دور میں
ہم بیکسوں کے درد کے درماں تمہیں تو ہو

ابرِ سیاہ چھایا ہے دنیا میں ہر طرف
ظلمت کدے میں شمع فروزاں تمہیں تو ہو

دیں کا چمن تو بادِ خزاں سے ہے پائمال
شام بہار و صبح گلستاں تمہیں تو ہو

ہادؔی پہ بھی نگاہ کرم ہو رسول پاکؐ
اس کی نظر میں آیت رحماں تمہیں تو ہو

ہادی۔ حکیم سید عبدالہادی مونگھیری

مستحق طلبہ کی امداد

غریب اور مستحق طلباء کی مالی معاونت کیلئے امداد طلباء کے نام سے ایک مد قائم ہے۔ احباب جماعت اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

"کون ہے جو اللہ کو قرضہ حسنہ دے پس وہ اسے اس کے لئے بڑھا دے اور اس کیلئے ایک بڑی عزت والا اجر بھی ہے۔" (الحدید:12)

(نظارت تعلیم)

موصیان متوجہ ہوں

بعض موصیان کے دوران سال نقل مکانی کی وجہ سے پتہ جات تبدیل ہو گئے ہیں مگر ابھی تک ان احباب نے دفتر وصیت کو مطلع نہیں کیا جو ضروری تھا۔ یاد رہے کہ اپنے موجودہ پتہ سے آگاہ رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے لہٰذا وہ موصیان جن کے پتہ جات تبدیل ہوئے ہیں فوراً نئے پتہ سے دفتر وصیت کو مطلع کریں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم عطاء الودود حامد صاحب کارکن دفتر نظارت علیا صدر انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے چچا مکرم حبیب اللہ صاحب شیزان فیکٹری لاہور مورخہ 24/اکتوبر 2007ء کو بعمر 62 سال بوجہ ہارٹ اٹیک لاہور میں وفات پا گئے۔ اگلے دن ان کی نماز جنازہ شیزان انٹرنیشنل فیکٹری لاہور میں ادا کی گئی اس کے بعد ان کا جنازہ ربوہ لایا گیا۔ ربوہ میں بعد نماز عصر بیت السلام دارالیمن وسطی ربوہ میں مکرم ملک محمد خان صاحب صدر محلّہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ عام قبرستان میں تدفین کے بعد مکرم انور نسیم صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ سوگواران میں بیوہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور دو بیٹے چھوڑے ہیں جو کہ سب بفضل اللہ تعالیٰ شادی شدہ ہیں۔ احباب سے مرحوم کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا ہونے کیلئے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے۔

طلباء کو ڈاکٹر بننے کی تحریک کریں

جماعت احمدیہ کے مختلف ہسپتالوں میں ڈاکٹرز (مرد و خواتین) کی ضرورت وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جا رہی ہے اس سلسلہ میں والدین اور سیکرٹریان تعلیم کی خدمت میں درخواست ہے کہ خاص طور پر واقفین نو کی خاص راہنمائی کی جائے کہ وہ میڈیکل کے شعبہ میں داخلہ کی کوشش کریں وہ طلباء و طالبات جو اس وقت میٹرک میں زیر تعلیم ہیں۔ خصوصاً ان پر Focus کیا جائے تا کہ جماعتی ضروریات کے تحت وہ ابھی سے اس کی کوشش کریں۔

اس سلسلہ میں ان طلباء وطالبات کو یہ بھی بتانا ضروری ہوگا کہ صرف F.Sc کے نمبروں پر داخلہ نہیں ملتا بلکہ تقریباً ہر جگہ داخلہ ٹیسٹ کا نظام بھی رائج ہے اور اس کیلئے طالب علم کو غیر معمولی تیاری کرنی پڑتی ہے۔ اس سلسلہ میں حلقہ جاتی لیول پر سوال وجواب اور سیمینارز کے ذریعہ خاص طور پر واقفین نو کو میڈیسن کے شعبہ میں آنے کی تحریک کی جاسکتی ہے اور اس سلسلہ میں والدین اور سیکرٹریان تعلیم کو مستقل نگرانی اور راہنمائی بھی کرنا ہوگی۔ اس کے بعد جو طلباء وطالبات اپنے آپ کو پیش کریں ان کے نام اور ایڈریس مرکز کو ارسال کئے جائیں۔

(نظارت تعلیم)

آسامی برائے کلرک

☆ مریم گرلز ہائی سکول کیلئے لیڈی کلرک کی ضرورت ہے۔
☆ تعلیمی قابلیت کم از کم ایف۔اے
☆ کمپیوٹر اچھی طرح جانتی ہوں (کمپوزنگ اور اکاؤنٹس کا کام کر سکیں)

خدمت دین کا جذبہ رکھنے والی خواتین اپنی درخواستیں مع اسناد و شناختی کارڈ کی کاپی ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام مورخہ 5 نومبر 2007ء تک جمع کروا دیں۔ درخواست پر اپنا مکمل ایڈریس اور فون نمبر ضرور تحریر کریں۔ درخواست صدر صاحب حلقہ سے تصدیق شدہ ہو۔

(ہیڈ مسٹریس مریم گرلز ہائی سکول ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرم مختار احمد صاحب ترکہ مکرم احمد دین صاحب)

مکرم مختار احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم احمد دین صاحب ولد غلام فرید صاحب وفات پا گئے ہیں ان کے دو قطعات زمین قطعہ نمبر 43/1 محلّہ باب الابواب ربوہ برقبہ ایک کنال قطعہ نمبر 15/21 محلّہ دارالرحمت شرقی ربوہ برقبہ 10 مرلہ الاٹ ہیں۔ مرحوم کے ورثاء میں یہ قطعات زمین بحصص شرعی منتقل کر دیئے جائیں۔ مرحوم کے صرف بیٹے مکرم مختار احمد صاحب اپنے شرعی حصہ سے اپنی والدہ صاحبہ (بیوہ) کے حق میں دستبردار ہو گئے ہیں۔ اس منتقلی پر کسی وارث کو اعتراض نہ ہے۔

جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مکرمہ محمد بیوی صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرمہ پروین اختر صاحبہ (بیٹی)
3۔ مکرمہ نسرین اختر صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرم مختار احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

بازیافتہ کاغذات

کسی دوست کو موٹر سائیکل کے کاغذات راستہ میں پڑے ملے ہیں جن صاحب کے ہوں نشانی بتا کر دفتر صدر عمومی سے وصول کر لیں۔

(سیکرٹری جنرل لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم عزیز احمد طاہر صاحب

میرے والد مکرم چوہدری عبداللطیف صاحب اوورسیئر

میرے والد مکرم چوہدری عبداللطیف صاحب اوورسیئر 28 مارچ 2007ء کو مختصر علالت کے بعد سہ پہر چار بجے وفات پا گئے۔ وفات کے وقت آپ کی عمر 92 برس تھی۔

آپ 1915ء میں موضع بٹھے کلاں ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ یہ گاؤں سیالکوٹ شہر سے شرقی جانب 5 میل اور جموں وکشمیر بارڈر سے غربی جانب تقریباً 2 میل کے فاصلہ پر ہے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم گاؤں میں حاصل کی۔ 1933ء میں اسلامیہ ہائی سکول سیالکوٹ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد مرے کالج سیالکوٹ میں ایف۔ ایس۔ سی نان میڈیکل میں چھ ماہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد گورنمنٹ سکول آف انجینئرنگ رسول میں داخلہ لیا۔ اس ادارے میں دو سال تعلیم حاصل کی اور 1936ء میں مستقل اوورسیئر کا امتحان آنرز کے ساتھ پاس کیا جو اس ادارے کا اعلیٰ ترین اعزاز ہے۔ ادارہ کے اعزازی بورڈ پر آپ کا نام درج ہے آپ نے امتحان میں 82 فیصد نمبر حاصل کئے۔

آپ نے مجھے بتایا کہ زمانہ طالب علمی میں ''ترک مرزائیت'' کتاب پڑھنے کی وجہ سے شروع شروع میں احمدیت کی مخالفت نے دل میں جگہ بنالی تھی چنانچہ جب آپ رسول انجینئرنگ سکول میں داخل ہوئے تو احمدی طلباء سے اختلافی مسائل پر بات چیت کرنے کی خواہش کا اظہار کیا وہاں آپ کی ملاقات مکرم صفدر جنگ ہمایوں اور مکرم چوہدری شریف احمد وڑائچ سے ہوئی۔ ان کے علاوہ آپ کی ملاقات مکرم نعمت علی صاحب برادر مکرم چوہدری مختار احمد صاحب (ادارہ مرکزی تعمیرات ربوہ) سے ہوئی۔ مکرم نعمت علی صاحب نے آپ کو بتایا کہ وہ ابھی احمدی نہیں ہوئے۔ البتہ کتب اور لٹریچر کا مطالعہ کر رہے ہیں والد صاحب نے مجھے بتایا کہ ان طلباء سے احمدیت کے موضوع پر اکثر بات چیت ہوتی رہتی تھی۔

سکول میں فائنل کا امتحان پاس کرنے کے بعد میرے والد گاؤں آ گئے اور چند روز بعد آپ کو بطور اوورسیئر تقرری کے کاغذات موصول ہوئے۔ آپ کی ابتدائی تقرری لوئر گوگیرہ ڈویژن لائلپور (فیصل آباد) میں ہوئی۔ وہاں آپ نے چھ ماہ بطور اپرنٹس اوورسیئر کام کیا۔ اپرنٹس شپ ختم ہونے کے بعد آپ پروبیشن (Probation) میں آ گئے۔ مختلف جگہوں پر چھ ماہ کام کرنے کے بعد آپ کی ٹرانسفر شیخوپورہ سب ڈویژن ہو گئی۔ شیخوپورہ سب ڈویژن میں آپ نے تقریباً ایک سال کام کیا۔ اس کے بعد آپ کی ٹرانسفر رچنا سب ڈویژن میں ہوئی جس کا ہیڈ کوارٹر لاہور تھا۔ یہ غالباً 38-1937ء کا واقعہ ہے پھر جلد ہی آپ کو گوجرہ ٹرانسفر کر دیا گیا جہاں آپ تقریباً ڈیڑھ سال تعینات رہے۔

گوجرہ میں آپ کی رہائش مہدی محلہ میں تھی آپ کے مکان کے سامنے ایک احمدی سکول ٹیچر مکرم ماسٹر کرم شاہ صاحب رہائش پذیر تھے ان سے گاہے بگاہے سر راہ ملاقات ہوتی رہتی اور وقتاً فوقتاً اختلافی مسائل پر تبادلہ خیال ہوتا۔ گوجرہ میں قیام کے دوران آپ کو کئی روز سے بخار آ رہا تھا مکرم ماسٹر کرم شاہ صاحب آپ کو ماسٹر عبدالحمید صاحب کے پاس لے گئے جو احمدی نہ تھے اور طب سے دلچسپی رکھتے تھے ان کے علاج سے والد صاحب صحت یاب ہو گئے۔ ماسٹر عبدالحمید صاحب نے مکرم ماسٹر کرم شاہ صاحب سے احمدی ہونے کے سبب زیادہ میل جول رکھنے سے منع کیا والد صاحب نے ان کو بتایا کہ اگرچہ میں احمدی تو نہیں لیکن وفات مسیح کا ضرور قائل ہوں۔ اس پر ماسٹر عبدالحمید نے والد صاحب کو ثناء اللہ امرتسری کا کچھ لٹریچر پڑھنے کیلئے دیا۔ لیکن والد صاحب احمدیت کی صداقت کے قائل ہو چکے تھے اور آپ کے دل سے تمام شکوک وشبہات دور ہو چکے تھے۔ چنانچہ 10 یا 11 فروری 1939ء کو آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں بیعت کا خط لکھ دیا۔ کچھ روز بعد آپ کو اللہ تعالیٰ نے پہلے بیٹے (خاکسار) سے نوازا جس کی پیدائش پر آپ نے گوجرہ کے احمدی احباب کی دعوت کی اور اس دعوت میں مکرم احسن اسماعیل صدیقی صاحب معروف شاعر نے ایک نظم پڑھی جو ہفت روزہ فاروق اخبار 28۔ اگست 1939ء کے صفحہ اول پر شائع ہوئی۔ 1945ء میں والد صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں زندگی وقف کرنے کا خط لکھ دیا۔ حضور نے آپ کا وقف منظور فرمایا۔

والد اور بھائیوں کی طرف سے مخالفت

جب والد صاحب کے احمدی ہونے کی خبر آپ کے گاؤں سیالکوٹ پہنچی تو والد صاحب کے بڑے بھائی مکرم رحمت علی صاحب آپ کو ملنے کیلئے گوجرہ آئے اور کچھ لٹریچر بھی ساتھ لائے۔ انہوں نے والد صاحب کو کہا کہ ابھی احمدی ہونے کا اعلان نہ کریں۔ ہم سب بھائی فیصلہ کر کے اکٹھے احمدی ہوں گے۔ رات دو بجے تک وہ والد صاحب کے ساتھ اختلافی مسائل پر گفتگو کرتے رہے باوجود خود مذہبی عالم ہونے کے والد صاحب کی کسی بات کا موزوں جواب نہ دے سکے۔ صرف اسی بات پر اصرار کرتے رہے کہ احمدی ہونے کا فیصلہ سب بھائی اکٹھے مل کر کریں گے۔ دو تین روز بعد والد صاحب سیالکوٹ اپنے گاؤں گئے تو وہاں بھی مختلف مسائل پر گفتگو ہوتی رہی۔ گفتگو میں آپ کے والد اور بڑے بھائی شریک ہوتے تھے دوسرے بھائیوں کو مذہبی مسائل سے کوئی زیادہ واقفیت نہ تھی۔ الیاس برنی کی کتاب ''قادیانی مذہب'' اکثر بڑے بھائی کے زیر مطالعہ رہتی تھی۔ چند ماہ بعد والد صاحب دوبارہ گاؤں گئے تو والد صاحب اور بڑے بھائی سے اختلافی مسائل پر گفتگو کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گیا۔ بڑے بھائی اپنے مقابلہ میں کسی دوسرے کو خاطر میں نہ لاتے تھے بریلوی مسلک پر سختی سے کاربند تھے گاؤں میں نمازیں پڑھانا اور خطبہ دینا آپ کے معمولات میں شامل تھا۔ گاؤں کے لوگ مذہبی عالم کی حیثیت سے ان کی بہت عزت کرتے تھے۔ چنانچہ جب گفتگو کے دوران وہ والد صاحب کی کسی بات کا جواب نہ دے سکے تو خفت محسوس کرتے ہوئے غصہ میں آ گئے اور ہمارے دادا صاحب کی لاٹھی لے کر والد صاحب کی کمر پر تین ضربات اتنی شدید لگائیں کہ نشان پڑ گئے۔ دادا صاحب کی دخل اندازی سے بات ختم ہوگئی۔

1940ء میں والد صاحب نے قادیان میں محلہ دارالبرکات میں ایک پلاٹ دس مرلے کا خریدا۔ جب قادیان میں زمین کی خریداری کا علم آپ کے والد صاحب اور بھائیوں کو ہوا تو بھائیوں نے والد صاحب سے کہا کہ چونکہ عبداللطیف نے قادیان میں جائیداد بنالی ہے اس لئے سیالکوٹ شہر میں جو دو مکان ہیں وہ ہمارے نام لگا دیں۔ چنانچہ آپ کے والد نے شہر کے دونوں مکان آپ کے بھائیوں کے نام لگا دیئے اور آپ کو ان مکانات کی ملکیت سے بے دخل کر دیا۔

جب والد صاحب نے احمدیت قبول کی تو میرے نانا رسول ہیڈورکس تعینات تھے۔ والد صاحب والدہ صاحبہ اور مجھے ہمراہ لے کر انہیں ملنے کیلئے گئے۔ وہاں میرے نانا نے پروگرام بنایا کہ وہ اپنی بیٹی (میری والدہ) کو والد صاحب کے ہمراہ اس وقت تک نہیں بھیجیں گے جب تک والد صاحب احمدیت کو ترک نہ کر دیں۔ میری والدہ نے والد صاحب کو میرے نانا کے اس ارادے سے آگاہ کر دیا۔ والد صاحب نے والدہ سے کہا کہ میں نے خوب سوچ سمجھ کر احمدیت کو قبول کیا ہے۔ اب پیچھے ہٹنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ تم بھی سوچ سمجھ کر خود فیصلہ کرو۔ چنانچہ میری والدہ نے والد صاحب کے ساتھ جانے کا مصمم ارادہ کر لیا اور اپنے ارادے سے اپنے والد کو بھی آگاہ کر دیا۔ چنانچہ اس کے بعد میرے نانا نے احمدیت کی کوئی مخالفت نہیں کی۔ بلکہ جب کبھی ربوہ آتے تو محلہ کی بیت میں نماز پڑھتے اور ہمیشہ نظام جماعت کی تعریف کرتے۔ میری والدہ نے بھی بہت جلد بیعت کر لی اور والد صاحب سے پہلے وصیت کی۔ والدہ کا وصیت نمبر 6063 جبکہ والد صاحب کا وصیت نمبر 6700 ہے۔

جوبلی جلسہ میں شرکت

1939ء میں جوبلی جلسہ میں شرکت کیلئے والد صاحب قادیان گئے۔ خاکسار اور والدہ کو بھی ہمراہ لے گئے۔ ربوہ میں مکرم میر مسعود احمد صاحب نے والد صاحب کو وہ خط دکھلایا جو آپ نے ان کے والد حضرت میر محمد اسحق صاحب کو لکھا تھا کہ والد صاحب اور کچھ عزیز جوبلی جلسہ پر آنا چاہتے ہیں اس لئے رہائش کا بندوبست کر دیں۔ اس کے بعد بھی والد صاحب متعدد بار قادیان جلسہ سالانہ میں شمولیت کی غرض سے جاتے رہے۔ جنوری 1946ء میں والد صاحب نے قادیان میں مستقل طور پر رہائش اختیار کر لی۔ قیام پاکستان کے بعد والد صاحب کو تین بار 1960، 1961 اور 1962ء میں قادیان جلسہ سالانہ میں شمولیت کا موقعہ ملا۔

قادیان میں قیام

جنوری 1946ء میں حضرت مصلح موعود نے والد صاحب کو قادیان بلا لیا اور سب سے پہلا پراجیکٹ جو آپ کے سپرد کیا گیا وہ تعلیم الاسلام کالج کی عمارت کی دوسری منزل کی تعمیر تھا جو آپ نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مکمل کروایا۔ کالج کی چھت کا ڈیزائن چیک کروانے کیلئے والد صاحب اپنے سسر کے چھوٹے بھائی مکرم مرزا عبدالکریم صاحب ریٹائرڈ SE کے پاس بغداد الجدید بہاولپور گئے۔ آپ نے بڑی محنت سے کالج کی چھت کے ڈیزائن کو چیک کیا۔ یہ R.C.C سلیب چھت کا ڈیزائن تھا۔ آپ اگرچہ احمدی نہ تھے لیکن جماعت کے مخالف بھی نہ تھے۔ قادیان ہی کا واقعہ ہے کہ والد صاحب نے پلستر کی گئی دیوار کو دیکھنے کی غرض سے جب اسے ہاتھ لگایا تو بجلی کے زوردار جھٹکے سے آپ گر گئے غالباً قادیان میں D.C کرنٹ تھی اور دیوار گیلی ہونے کے باعث اس میں کرنٹ آ گیا تھا۔ بہرحال اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ محفوظ رہے۔ قادیان ہی کا واقعہ ہے جب والد صاحب قادیان گئے تو آغاز میں محلہ دارالبرکات شرقی میں رہائش کیلئے ایک مکان کرایہ پر حاصل کیا یہ مکان ایک باغ کے ساتھ ملحق تھا۔

کنری سندھ میں قیام

مارچ 1947ء میں کنری سندھ میں انجمن نے ایک جننگ فیکٹری خریدی۔ اس کی تعمیر وتوسیع کیلئے والد صاحب کو کنری سندھ بھجوایا گیا۔ کنری میں قیام کے عرصہ میں دو واقعات خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ فیکٹری کی بلند عمارت کی چھت کیلئے ٹی آئرن سے تیار کردہ سپورٹ کو عرف عام میں قینچی کہا جاتا ہے جسے رسوں کی مدد سے زمین سے اٹھا کر دیوار پر رکھا جاتا

ہے۔ یہ کام مشکل اور پرخطر ہوتا ہے۔ قینچی دیوار پر رکھتے وقت والد صاحب کا پاؤں پھسلا اور آپ دیوار سے نیچے گر گئے لیکن زمین پر گرنے سے پیشتر ہی ایک مزدور نے آپ کو اپنی گرفت میں لے لیا۔ اور اس طرح محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ کو کوئی گزند نہ پہنچی۔

دوسرا واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ آپ تعمیراتی سامان خریدنے کیلئے حیدرآباد سندھ گئے واپسی پر آپ مغرب کے وقت میر پور خاص پہنچے اور رات ہوٹل میں قیام کرنے کی بجائے ٹرین پر جانے کا فیصلہ کر لیا۔ ٹرین میر پور خاص سے رات 40-11 پر چلتی تھی۔ جیمس آباد سٹیشن پر تمام مسافر اتر گئے اور والد صاحب گاڑی میں اکیلے رہ گئے۔ اس وقت آپ کو خیال آیا کہ ٹرین ٹاہلی ریلوے سٹیشن رات دو بجے کے قریب پہنچے گی۔ وہاں سے منزل مقصود تک پہنچنے کیلئے تقریباً ایک میل جنگل سے گزرنا پڑتا ہے یہ علاقہ خطرناک تھا اور پھر آپ کے پاس رقم بھی تھی۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کے حضور بہت دعا کی۔ ٹرین نوکوٹ ریلوے اسٹیشن تقریباً 30-12 پر پہنچی۔ یہاں انجن نے پانی بھی لینا تھا۔ والد صاحب دعا میں مصروف تھے کہ گاڑی اچانک چل پڑی لیکن کچھ دور چلنے کے بعد پھر رک گئی۔ گارڈ اور دیگر عملہ (جنہوں نے زنجیر کھینچ کر گاڑی روکی تھی) نیچے اتر آیا اور ڈرائیور سے بغیر لائن کلیئر حاصل کئے گاڑی چلانے کا سبب دریافت کیا۔ جب ڈرائیوران کی بات کا کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا تو عملے نے سمجھ لیا کہ ڈرائیور کا دماغ چل گیا ہے۔ چنانچہ دوسرا ڈرائیور منگوایا گیا جو صبح کے وقت پہنچا اور گاڑی جب ٹاہلی سٹیشن پر پہنچی تو دن طلوع ہو چکا تھا اس طرح اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے والد صاحب کو کسی ناگہانی مصیبت اور خطرے سے محفوظ رکھا۔

اگرچہ جنگ فیکٹری کنری سندھ کی تعمیر کا کام مکمل کروا کر والد صاحب 10۔ اکتوبر 1948ء کو ربوہ پہنچ گئے تھے لیکن بعد میں بھی والد صاحب ربوہ سے پانچ چھ ماہ کیلئے کنری جاتے رہے اور تعمیرات کا کام مکمل کروا کر واپس آ جاتے۔ چنانچہ آخری دفعہ 1967ء میں تعمیرات کی غرض سے کنری گئے اور جماعت کی دوکانیں تحریک جدید اور انجمن کے کوارٹرز اور نبی سرروڈ اور محمود آباد سٹیٹس Estates میں تعمیرات کا کام کروایا۔

ربوہ کی تعمیر کا آغاز

جب ربوہ کی زمین خرید کر لی گئی تو پلاٹ بندی اور عمارات کی تعمیر کیلئے والد صاحب کو ربوہ پہنچنے کا حکم ملا۔ والد صاحب جنگ فیکٹری کنری سندھ میں تعمیر کا کام مکمل کروا کر 10۔ اکتوبر 1948ء کو ربوہ پہنچ گئے۔ جب والد صاحب ربوہ پہنچے تو اس وقت رہائش کیلئے خیموں کا انتظام کیا گیا تھا۔ یہ خیمے اس جگہ لگائے گئے تھے جو فضل عمر ہسپتال کے غربی جانب واقع ہے۔ حضرت مصلح موعود ستمبر 1948ء کے آواخر میں رتن باغ لاہور سے ایک روز کیلئے ربوہ تشریف لائے تھے۔ جس جگہ آپ نے نماز پڑھائی وہاں بعد میں یادگاری بیت الذکر تعمیر کی گئی اب یہ بیت الذکر فضل عمر ہسپتال کے اندر واقع ہے۔ رہائش کا بندوبست نہ ہونے کی وجہ سے والد صاحب ہمیں کوئٹہ ہمارے ماموں کے پاس چھوڑ آئے۔ لیکن جلد ہی نومبر 1948ء کے اواخر میں چنیوٹ گڑھا محلّہ میں ہماری رہائش کا بندوبست ہو گیا۔ 1949ء کے جلسہ سالانہ سے چند دن پیشتر جلسہ سالانہ کے گوداموں کے ساتھ ایک چھوٹے کوارٹر میں ہم چنیوٹ سے ربوہ شفٹ ہو گئے۔

تعمیر کے کام کے سلسلہ میں سب سے پہلا مرحلہ تعمیراتی سامان کی فراہمی تھا۔ تعمیر کے کام میں والد صاحب کے ساتھ مکرم ملک محمد خورشید صاحب ریٹائرڈ انجینئر اور مکرم راجہ محمد نواز صاحب مرحوم تھے۔ ملک محمد خورشید صاحب ربوہ سے باہر جا کر لکڑی وغیرہ خرید کر لاتے تھے۔ مکرم راجہ محمد نواز صاحب اینٹوں کا انتظام کرتے تھے روزانہ پچاس ساٹھ ہزار کچی اینٹ تیار ہوتی تھی۔ پختہ اینٹ سے پہاڑی کے دامن میں پہلے سٹور تعمیر کئے گئے جن میں جلسہ سالانہ 1949ء کیلئے غلہ، دالیں، آٹا اور دیگر سامان سٹور کیا گیا۔ ربوہ میں پہلا جلسہ اپریل 1949ء کو منعقد ہوا۔ جلسہ کیلئے کم و بیش ساٹھ ستر بیرکس تعمیر کی گئیں۔ جلسہ کے اختتام پر ان بیرکس میں پارٹیشن کر کے کوارٹرز بنائے گئے۔ یہ کوارٹرز انجمن اور تحریک جدید دونوں اداروں کے کارکنان کیلئے تعمیر کئے گئے۔ اس کے علاوہ جلسہ سے پہلے انجمن اور تحریک جدید کے عارضی دفاتر بھی تعمیر کئے گئے تا کہ دونوں ادارے اپنے اپنے کام کا آغاز کر سکیں ان کے علاوہ خزانہ دیگر دفاتر اور حضرت مصلح موعود کیلئے عارضی رہائش گاہیں بھی تعمیر کی گئیں۔ حضرت مصلح موعود کی سابقہ عارضی رہائش گاہ میں نصرت گرلز ہائی سکول کا اجراء کیا گیا۔ اس جگہ اب دارالضیافت کی عمارت کی تعمیر کی گئی ہے۔ عارضی رہائش گاہ میں حضرت مصلح موعود نے چند روز قیام کیا۔ بہتر رہائش جو تعمیر کی گئی اس میں دروازوں کا معیار قدرے بہتر تھا اور چھت بالوں اور شہتیر سے تعمیر کی گئی۔ رہائش گاہ کے ساتھ بیت الذکر بھی تعمیر کی گئی اور قریب ہی ہسپتال کی کچی عمارت تعمیر کی گئی۔ اس کے علاوہ پرائیویٹ سیکرٹری کے عملہ کے دفاتر بھی تعمیر کئے گئے۔ یہ دفاتر ہسپتال کے قریب شمالی جانب تعمیر کئے گئے اور حضرت مصلح موعود کی رہائش گاہ کے قریب تھے۔ پھر ناظر صاحبان کیلئے کوارٹرز بھی تعمیر کئے گئے۔ یہ تمام عمارات دفتر انصاراللہ کے قرب و جوار میں واقع تھیں۔ اس کے علاوہ ریلوے سٹیشن کے قریب دو بیوت الذکر کی تعمیر کا کام مکمل ہوا۔ یہ تمام عمارات کچی اینٹوں سے تعمیر کی گئیں۔ چھت کیلئے بلیاں اور پرانے دروازے اور کھڑکیاں خریدی گئیں۔ کچی عمارات دفاتر اور بیوت الذکر کم وبیش دو سال زیر استعمال رہیں۔ اس وقت تعمیر کے کام میں میرے والد صاحب کے ساتھ مکرم راجہ محمد نواز صاحب، مکرم سید فخر الاسلام صاحب ریٹائرڈ اوورسیئر اور مکرم ملک حفیظ الرحمٰن صاحب نقشہ نویس تھے۔

بیوت کی تعمیر کے سلسلہ میں قبلہ کے رخ کے تعین کا معاملہ زیر بحث آیا۔ چنانچہ تھیا ڈولائٹ مشین کا انتظام کر کے دب اکبر کے ذریعہ قطبی ستارے کا جائزہ لیا۔ یہ ستارہ بھی ساکن نہیں ہے اپنے محور کے گرد ایک چھوٹے سے دائرہ میں گھومتا ہے اور صحیح نارتھ کی لائن اسی چھوٹے دائرہ کے درمیان سے گزرتی ہے۔ یہ مشین مکرم شریف احمد صاحب انجینئر رسول کالج سے چند روز کیلئے لائے جو مکرم سردار بشیر احمد صاحب کے ذریعہ ملی۔ قبلہ رخ کے تعین کیلئے ربوہ کا طول بلد اور عرض بلد معلوم کر کے سفریکل ٹرگنومیٹری کے ذریعہ حساب نکالا گیا۔ یہ کام مکرم قاضی محمد رفیق صاحب آرکیٹیکٹ کی عزیزہ مکرمہ حفیظہ صاحبہ نے کیا جو اس وقت پنجاب یونیورسٹی کی طالبہ تھیں اور بعد میں جامعہ نصرت ربوہ میں بطور لیکچرار کام کرتی رہیں انہوں نے یہ حساب 9:00 منٹ ڈگری ورک آؤٹ کیا اور سردار بشیر احمد صاحب نے 32-9 منٹ ڈگری نکالا۔ یہ دونوں حساب والد صاحب نے حضرت میاں شریف احمد صاحب کی خدمت میں پیش کئے تو انہوں نے فرمایا کہ قادیان میں ہم 4 ڈگری نارتھ لائن سے شرقی جانب لگا کر بیت کا رخ قائم کرتے تھے ربوہ میں 10 ڈگری لگائیں چنانچہ بیت مبارک کی تعمیر کے وقت والد صاحب نے رات کے وقت شمال اور جنوب لائن لگا کر 10 ڈگری شرقی جانب (ٹرن) Turn کر کے بیت کا لے آؤٹ کیا۔ اس بیت کی تعمیر مکرم قاضی عبدالرحیم صاحب بھٹی کے سپرد ہوئی تھی۔ جب بیت اقصیٰ کی تعمیر کا کام مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب کے سپرد ہوا تو والد صاحب نے قطبی ستارہ کے ذریعہ نارتھ لائن لگا کر 10 ڈگری مشرق کی طرف (ٹرن) Turn کر کے بیت کا رخ قائم کیا۔ بیت ناصر دارالرحمت غربی، یادگاری بیت فضل عمر ہسپتال، بیت احمد فیکٹری ایریا کا لے آؤٹ بھی والد صاحب نے اسی اصول پر کیا اور ربوہ کی دیگر بیوت کی تعمیر میں اس رخ کو قائم رکھنے میں والد صاحب نے مدد کی ہے۔ بلکہ ٹھیکیدار ولی محمد صاحب کو تو والد صاحب نے ایک تکون کاغذ پر لگا کر بتایا ہوا تھا کہ شمال جنوب قائم کر کے اتنے فٹ پیمائش کر کے زاویہ قائمہ لگا کر اتنے فٹ پر لائن قائم ہو جاتی ہے۔ بہشتی مقبرہ کا ابتدائی نقشہ بھی والد صاحب نے تیار کیا تو بیت کے مجوزہ رخ 10 ڈگری شرقی طرف Turn کرنے کے طریق پر رات قطبی ستارہ سے شمال جنوب قائم کر کے نقشہ پر قطعات اور راستے قائم کئے۔ محلّہ دارالعلوم غربی اور شرقی کے پلاٹس اور سڑکوں کا لے آؤٹ کرتے وقت والد صاحب نے بیت کے رخ کے اس اصول کو مدنظر رکھا اس طرح محلّہ دارالعلوم کے 80 فیصد پلاٹس کی لائنیں قبلہ رخ ہیں۔

پختہ عمارات کی تعمیر

پختہ عمارات کی تعمیر کا کام 1949ء کے اواخر میں شروع ہوا۔ سب سے پہلے بیت مبارک کی تعمیر کا کام شروع ہوا۔ یہ بیت قصر خلافت کے ساتھ واقع ہے۔ اس کا سنگ بنیاد رکھنے کیلئے حضرت مصلح موعود مورخہ 3۔ اکتوبر 1949ء کو لاہور سے بذریعہ کار تقریباً پونے ایک بجے پہنچے۔ آپ کے ہمراہ خاندان کی بیگمات۔ مکرم ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب اور مکرم میاں محمد یوسف صاحب پرائیویٹ سیکرٹری تھے۔ سنگ بنیاد کی تقریب میں شامل ہونے کیلئے بیرونی جماعتوں کے متعدد نمائندگان ربوہ پہنچ چکے تھے۔ اس کے علاوہ ربوہ کے احباب بشمول خواتین اور بچے بھی دعا میں شرکت کی غرض سے موقعہ پر پہنچ چکے تھے۔ سنگ بنیاد کی تقریب کا وقت نماز عصر کے بعد تھا۔ سنگ بنیاد کی تقریب کے بعد حضرت مصلح موعود نے کھڑے ہو کر بڑی رقت اور عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور لمبی دعا کروائی اور موقعہ پر موجود تمام جماعتوں کے نمائندگان کو توفیق کے مطابق بیت کی تعمیر میں حصہ لینے کی تحریک فرمائی۔ چنانچہ اسی وقت بعض جماعتوں کی طرف سے نقد رقوم پیش کی گئیں اور بعض جماعتوں کی طرف سے وعدہ جات لکھوائے گئے۔ اس تقریب میں بچوں، خواتین اور مردوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ یہ تقریب مغرب کے وقت اختتام کو پہنچی۔

دفاتر صدر انجمن اور تحریک جدید کی تعمیر

دفاتر صدر انجمن اور دفاتر تحریک جدید کی تعمیر کیلئے حضرت مصلح موعود نے دونوں اداروں کو 75,75 ہزار روپے دیئے۔ تعمیر کا خرچ اس وقت تقریباً 5 روپے مربع فٹ تھا۔ پہلے صدر انجمن احمدیہ کے دفاتر کی تعمیر ہوئی اور تحریک جدید کے دفاتر بعد میں تعمیر کئے گئے۔ تحریک جدید کے دفاتر کی عمارت کی تعمیر والد صاحب کی نگرانی میں ہوئی اس دفتر کی چھتیں R.B,R.C.C Combined تیار کی گئی۔ سریا دو انچ چوڑی درزوں میں ڈالا گیا۔ بقیہ جگہ پر اینٹیں استعمال کی گئیں۔ دفاتر کے کمرہ جات کی چھت کی موٹائی چھ انچ ہے جبکہ برآمدے کی چھت کی موٹائی ساڑھے چار انچ ہے۔ تحریک جدید کے دفاتر کی چھتیں اب تک درست حالت میں ہیں۔ صدر انجمن کے دفاتر کی چھتیں چونکہ R.B تیار کی گئی تھیں اس لئے ان کو دوبارہ تعمیر کیا گیا۔ تحریک جدید کے کارکنان کیلئے بہت سے کوارٹر تعمیر کئے گئے۔ ہر کوارٹر دو کمروں باورچی خانہ، برآمدہ باتھ اور صحن پر مشتمل تھا۔ ان کے علاوہ وکلاء کیلئے بھی رہائش گاہیں تعمیر کی گئیں ان تمام عمارات کی تعمیر کا کام 1950ء میں والد صاحب کے سپرد ہوا اور 1952ء میں مکمل ہوا۔ صدر انجمن احمدیہ کے دفاترز اور کارکنان کیلئے کوارٹرز کی تعمیر مکرم سید فخر الاسلام صاحب مکرم خواجہ عبیداللہ صاحب اور مکرم قریشی محمد شفیع صاحب کی نگرانی میں ہوئی۔

فضل عمر ہسپتال کی عمارت کی تعمیر کی نگرانی بھی والد صاحب نے کی۔ بیت المہدی گول بازار، دفاتر صدر عمومی اور ہال لجنہ اماء اللہ کی چھت بھی والد صاحب نے ڈیزائن کی۔

سندھ میں والد صاحب نے ان عمارتوں کی تعمیر کی نگرانی کی۔ توسیع عمارت جننگ پروسیسنگ فیکٹری کنری جس میں ڈبل رولر جنرز اور ساجن کی مشینیں لگائی گئیں۔ کنری میں صدر انجمن احمدیہ۔ تحریک جدید کی دکانات کی تعمیر۔ نبی سر روڈ اور محمد آباد میں عمارات کی تعمیر۔ ناصر آباد سٹیٹ اور محمود آباد سٹیٹ میں تعمیرات۔

ایبٹ آباد میں عمارات کی تعمیر

72-1971ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ایبٹ آباد میں کوٹھیوں کی تعمیر کے سلسلہ میں والد صاحب کی ڈیوٹی لگائی۔ آپ کے ساتھ مکرم عبدالغنی رشدی بھی تھے جو راولپنڈی کے رہنے والے اور ریٹائرڈ ڈرافٹسمین تھے۔ کوٹھیوں کے نقشہ جات بھی آپ ہی نے تیار کئے تھے۔ والد صاحب نے مجھے بتایا کہ جب وہ دونوں حویلیاں پہنچے اور بس چڑھائی پر جا رہی تھی تو والد صاحب کو اونگھ آ گئی اور اسی حالت میں آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو اپنے سامنے دیکھا۔ فرمانے لگے کہ گھبرانا نہیں۔ والد صاحب اور مکرم عبدالغنی رشدی صاحب جب سائٹ پر پہنچے تو معلوم ہوا کہ تعمیر کا کام ابھی شروع نہیں ہوا۔ ایک کوٹھی کی تعمیر کا کام پشاور کی ایک غیر احمدی فرم کے سپرد ہوا تھا۔ تھوڑے عرصہ بعد 1971ء میں چار کوٹھیوں کی تعمیر کا کام شروع ہوا۔ تین کوٹھیاں انجمن کی تھیں ایک کوٹھی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تھی۔ والد صاحب وہاں نومبر 1972ء تک رہے۔

1972ء میں جب مقامی مخالفین کو کوٹھیوں کے بارہ میں علم ہوا تو انہوں نے جماعت احمدیہ کے خلاف پروپیگنڈا کرنا شروع کر دیا اور ایجی ٹیشن کا پروگرام بنایا صوبائی حکومت نے علاقے میں دفعہ 144 نافذ کر دی جس کے نتیجے میں کوٹھیوں کی تعمیر کا کام رک گیا۔ نومبر 1972ء میں والد صاحب ربوہ واپس آ گئے اور کوٹھیوں کی حفاظت کیلئے دو احباب ایبٹ آباد رہے۔ ایک چوہدری بشیر احمد صاحب اور دوسرے میرے بہنوئی مکرم محمد افضل طاہر صاحب کے والد مکرم چوہدری نور احمد صاحب 13 یا 14 نومبر 1972ء کو مخالفین کے اکسانے پر گردونواح کے لوگوں نے کوٹھیوں کی کھڑکیوں اور دروازوں پر پٹرول چھڑک کر آگ لگانی شروع کر دی۔ شٹرنگ کا سامان، لکڑی کے دروازے کھڑکیاں اور الماریاں وغیرہ جل گئیں۔ ان کوٹھیوں کو حکومت نے اپنی ملکیت میں لے کر انجمن کو تین چار سال بعد ان کی قیمت ادا کر دی۔

چونکہ کوٹھیاں ابھی زیر تعمیر تھیں اس لئے ان کے مین گیٹ نہیں تھے مویشی کوٹھیوں کے اندر آ کر نقصان کرتے۔ چوہدری بشیر احمد صاحب نے اینٹ اور سیمنٹ لے کر راستہ بند کرنے کی کوشش کی۔ ایک شخص سائیکل پر وہاں سے گزر رہا تھا اس نے پولیس کو جا کر اطلاع کر دی۔ چوہدری بشیر احمد صاحب کو گرفتار کر لیا گیا دس بارہ روز بعد مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب ناظر دیوان نے جا کر ضمانت کروائی۔ یہ کیس تین چار سال تک چلتا رہا اور پولیس اس کیس کی پیروی نہ کرتی۔ آخر احمدی وکیل نے AC کو کہا کہ پولیس تو آتی نہیں اور تین چار سال گزر گئے ہیں چنانچہ AC نے چوہدری بشیر احمد کو دس روپے جرمانہ کر کے کیس ختم کر دیا۔ جناح آباد کالونی کے دفتر میں ایک احمدی دوست فخر الدین صاحب کیشئر تھے۔ 1974ء کے ہنگاموں میں آپ نے اپنے بچوں کو گجرات بھیج دیا تھا اور خود اکیلے ایبٹ آباد رہتے تھے۔ بلوائیوں نے نہ صرف آپ کے مکان کو جلا دیا بلکہ ان کو بھی مار ڈالا اور ان کی میت کو بازاروں میں گھسیٹتے رہے آخر ملحقہ باغ میں میت کو پھینک دیا۔ ان کا بیٹا جو فوج میں کیپٹن تھا چند روز بعد آیا اور اپنے والد کی میت کو گجرات لے جا کر دفن کیا۔

معمولات زندگی

والد صاحب نماز فجر کے بعد گھر میں ایک چھوٹے سے کمرے میں تلاوت قرآن کریم اور ترجمہ وتفسیر کے بعد پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی میں مشغول ہو جاتے۔ یہ کمرہ مکان کے بیرونی برآمدہ کو بند کر کے آپ نے تیار کروایا تھا۔ اس میں ایک طرف الماری رکھی ہوتی جس میں نقشہ جات۔ تخمینہ جات Estimates کی نقول اور دیگر ریکارڈ کے علاوہ سلسلہ کی کتب اور آپ کی ذاتی ضرورت کی اشیاء موجود ہوتیں۔ دوسری جانب ایک شیلف (ریک) کے اوپر قرآن کریم، تفاسیر اور دوسری کتب موجود ہوتیں۔ درمیان میں ایک میز کے اوپر ڈرائینگ بورڈ پڑا ہوتا جسے کام کرنے کے بعد اٹھا دیا جاتا۔ جب آپ دفتر میں ہوتے یا رات کے وقت مطالعہ کیلئے یہ کمرہ مجھے استعمال کرنے کی اجازت دے رکھی تھی۔ میں رات دیر تک مطالعہ کرنے کا عادی تھا۔ تعلیم کے حصول کے سلسلہ میں جہاں میری بڑی حوصلہ افزائی کرتے اکثر رات کو کمرے میں آ جاتے اور میری کمزور صحت کے پیش نظر مجھے فرماتے کہ اب سو جاؤ۔ مجھے یاد ہے کہ قادیان میں آپ میرے لئے لاہور سے بچوں کیلئے فیروز سنز لاہور کی شائع کردہ معلوماتی کتب خرید کر لاتے۔

جب ربوہ سے باہر کہیں جاتے تو اکثر مجھے لے جاتے۔ بی اے کرنے کے بعد جب میں نے ایم اے کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو میری تعلیم کے کثیر اخراجات برداشت کئے اور اس مقصد کیلئے پرائیویٹ نقشہ جات تیار کئے۔

آپ تمام نمازیں بیت میں جا کر ادا کرتے۔ بہت دعا گو تھے قبولیت دعا کے واقعات مجھے سناتے ہر وقت زیر لب دعائیں اور درود شریف کثرت سے پڑھتے۔ صبح جب دفتر جاتے تو کچھ وقت دفتر میں گزارنے کے بعد یا تو ان لوگوں کے ساتھ چل پڑتے جو اپنے پلاٹس کی نشان دہی کیلئے دفتر آتے یا زیر تعمیر عمارات کی نگرانی کیلئے چل پڑتے۔ جماعتی اخراجات میں کفایت شعاری کا بے حد خیال رکھتے ربوہ سے باہر جماعتی عمارات کی تعمیر کی نگرانی کے سلسلہ میں جب جاتے تو بائیسکل ہمراہ لے جاتے اور کھانے کا بندوبست بھی اسی جگہ کرتے جہاں لیبر کیلئے کھانا تیار ہوتا اور اس کی ادائیگی کرتے۔ جماعتی عمارات کیلئے تخمینہ جات بڑی احتیاط سے تیار کرتے تا کہ جماعتی رقوم کا ضیاع نہ ہو۔ عام معلومات آپ کی بے حد وسیع تھیں۔ حافظہ اتنا اچھا کہ ماضی کے تمام واقعات بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کرتے۔ خلافت کے بے حد وفادار تھے اور جماعتی مفادات کا بے حد خیال رکھتے۔ خاندان حضرت مسیح موعود کا بہت احترام کرتے۔

آپ کی وفات پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

”آج ربوہ سے ایک اطلاع ہے کہ ہمارے سلسلہ کے بہت پرانے کارکن چوہدری عبداللطیف صاحب اوورسیئر پرسوں وفات پا گئے تھے...... یہ خاندان میں اکیلے احمدی تھے۔ بڑے پرانے احمدی تھے۔ احمدیت قبول کرنے کی وجہ سے ان کو ان کے عزیزوں نے تمام جدّی جائیداد اور مکانات وغیرہ جو بھی تھے سب سے محروم کر دیا اور بیعت کرنے کے بعد پھر وصیت بھی کی، زندگی بھی وقف کی اور تحریک جدید میں رہے اور شروع میں جو ربوہ کی آبادکاری ہوئی ہے اس میں یہ شامل تھے۔ تمام پلاننگ نقشے اور ساری نشاندہی وغیرہ انہوں نے اس ٹیم میں شامل ہو کر بڑی محنت سے کی۔ بلکہ ربوہ کے ہر پلاٹ کی، سڑک کی، ہر کونے کی حد بندی ان کو زبانی یاد تھی۔ یہ سب کچھ انہوں نے اپنے ہاتھوں سے نکالا ہوا تھا۔ اپنے کام میں بڑے اصولی اور سخت تھے۔ کسی قسم کی رعایت نہیں کرتے تھے اور بڑے محنتی تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے۔ ربوہ کے جو ابتدائی لوگ ہیں یہ ان میں سے تھے اور بہرحال ربوہ کے نام کے ساتھ جب بھی تاریخ میں نام آئے گا ان لوگوں کا نام بھی آئے گا۔ ابھی نماز جمعہ کے بعد انشاء اللہ ان کا جنازہ غائب پڑھاؤں گا۔“

(روزنامہ الفضل 15 مئی 2007ء)

اللہ تعالیٰ مرحوم والد صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، جماعت احمدیہ میں ان جیسے خدام پیدا فرمائے۔ آمین

کم عمر ترین ارب پتی

امریکہ کا جیری ینگ (Jerry Young) جو انٹرنیٹ کے سرچ انجن یاہو (Yahoo) کے دو بانیوں میں سے ایک ہے۔ 1998ء میں یعنی صرف 29 سال کی عمر میں دنیا کا کم عمر ترین ارب پتی بن گیا۔ اس وقت اس کی دولت کا تخمینہ 4 بلین ڈالر ہے۔

(بقیہ صفحہ 6)

انوار الدین صاحب بغلگیر ہوئے اور مجھ سے سامان کی ٹرالی لے کر باہر کی طرف روانہ ہوئے۔ جب بلڈنگ سے باہر آئے تو عزیزم مکرم ڈاکٹر انوار الدین صاحب اپنی گاڑی کا ٹرنک کھول رہے تھے تا کہ سامان رکھا جا سکے۔

مجھے مسکرا کر مل کر انہوں جو جملہ کہا وہ یہ تھا کہ انکل اب پتہ چلا کہ قرآن کریم میں مسافر کو سفر کے دوران روزہ نہ رکھنے کا کیوں حکم ہے۔ یہ بے ساختہ الفاظ ان کے منہ سے بغیر میری آپ بیتی سنے اس طرح ادا ہوئے کہ میں حیران رہ گیا کہ انہیں کیسے علم ہو گیا کہ میں اس سفر کے دوران کن کن پریشان کر دینے والے واقعات سے نبرد آزما ہوتا رہا اور ان لمحات سے کیسے گزرا۔ اس دوران خیال آیا کہ یہ ڈاکٹر ہیں اور انہیں علم ہے کہ میں بلڈ پریشر اور ذیابیطس کے ساتھ عارضہ قلب میں بھی مبتلا ہوں اور پریشانی کے سبب ان امراض میں کس قدر اتار چڑھاؤ ہوتا ہے۔ جب میں نے انہیں اپنی آپ بیتی سنائی تو فرمانے لگے بالکل ٹھیک اسی لئے میں نے آپ سے کہا کہ مسافر کو روزہ نہ رکھنے اور کسی بعد کے وقت میں گنتی پورا کرنے کا اسی لئے حکم دیا گیا ہے۔ اسی طرح نماز قصر کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

گھر پہنچ کر کھانا کھانے کے فوراً بعد اپنی ادویات نکال کر لیں جن کے استعمال کے چند گھنٹے بعد قدرے سکون ملا مگر رات کا بقیہ حصہ بے خوابی میں ہی گزرا اور اگلے روز محترم ڈاکٹر صاحب مجھے میرے بیٹے کے گھر تین گھنٹہ کی مسافت تک کے فاصلہ پر چھوڑنے ہمراہ گئے۔

سفر اگرچہ وسیلہ ظفر ہے مگر السفر قطعة من العذاب یعنی عذاب کا حصہ بھی ہے۔

ایسے دوست جو دوران سفر روزہ رکھنے کے اس لئے قائل ہیں کہ آج کا سفر وہ سفر نہ ہے جو دنوں، ہفتوں یا مہینوں میں طے ہوتا ہے اب نئی نئی سواریوں کی ایجاد کے بعد دنوں کا کیا مہینوں کا سفر چند گھنٹوں میں طے ہو جاتا ہے اور پھر سفر کے دوران تمام سہولتیں میسر ہیں۔ مذکورہ بالا آپ بیتی یقیناً قرآن کریم میں حکم خداوندی پر از سر نو غور کرنے کے لئے یقیناً راہنمائی کا باعث ہوگی۔ میرے اس سفر کے دوران بے بسی کا عالم کسی پسماندہ ملک کا واقعہ نہیں ہے بلکہ اس ملک کا واقعہ ہے جو واحد سپر پاور ہے اور جو ہوائی سفر کو محفوظ بنانے کے لئے ہم پاکستانی اور مسلمان ممالک کے باشندوں کی بالخصوص سیکیورٹی کے لحاظ سے اس قدر جانچ پڑتال کرتے ہیں کہ غیر ضروری سوئی کا بھی نکلنا محال ہے۔

سفر میں روزہ نہ رکھنے کے حکم خداوندی کی حکمت کو اس سفری روئیداد سے احباب بہتر طور پر سمجھ سکیں گے اور راقم الحروف نے اسی غرض کے لئے محض اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے تحریر کیا ہے۔ پریشانی کے ان لمحات میں میری معاونت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ جزاء خیر دے۔ آمین

مکرم منیر مسعود صاحب

سفر وسیلہ ظفر مگر عذاب کا حصہ بھی ہے

امریکہ کے ایک تکلیف دہ سفر کی روئیداد اور مسافر کے لئے شرعی سہولتوں میں حکمتیں

خاکسار نے 2006ء میں براستہ لندن امریکہ کا سفر اختیار کیا۔ اس سفر کا بنیادی مقصد اپنے بیٹے ڈاکٹر جہاں زیب مسعود صاحب، ویسٹ ورجینیا امریکہ کی شادی میں شمولیت تھا۔ لندن سے نیویارک اور وہاں سے واشنگٹن پہنچا۔ چند دن عزیزم مکرم منیر احمد صاحب چوہدری مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے ہاں سپرنگ فیلڈ، میری لینڈ قیام کیا۔ جہاں سے براستہ کولمبس اوہائیو سٹیٹ سے بیٹے کے پاس ہنگٹن ویسٹ ورجینیا پہنچنا تھا کیونکہ اس شہر تک براہ راست کوئی فضائی رابطہ دوسرے شہروں یا سٹیٹ سے نہ تھا۔

عزیزم مکرم منیر احمد صاحب چوہدری خاکسار کو ڈیلس ایئرپورٹ (واشنگٹن) چھوڑنے آئے جہاں ہم فلائٹ سے دو گھنٹہ قبل پہنچے۔ بورڈنگ کارڈ کے حصول کے بعد سامان کی سکریننگ کروانی تھی جس میں خاصا وقت صرف ہوگیا۔ چوہدری صاحب کی ہدایت پر میں نے اپنا دستی سامان بھی بک کروا دیا۔ اس وقت یہ ذہن میں ہی نہ رہا کہ اس میں شوگر، دل اور بلڈ پریشر کی ادویات اور فون نمبرز کی ڈائریکٹری وغیرہ بھی ہیں۔

سامان کی سکریننگ کے بعد مفصل سیکیورٹی کے نظام سے گزرنا پڑا جہاں پریشانی کی حد تک وقت صرف ہوا۔ اللہ اللہ کر کے جب اس پریشان کن اور پیچیدہ مرحلہ سے فارغ ہو کر جہاز پر سوار ہونے والے مقررہ گیٹ پر پہنچا تو معلوم ہوا کہ جہاز کولمبس کے لئے روانہ ہو چکا ہے جبکہ مقررہ وقت میں ابھی کم از کم پانچ منٹ بقایا تھے۔ گیٹ پر تعینات خاتون کی جب میں نے اس طرف توجہ دلائی تو انہوں نے کہا کھڑکی سے دیکھ لیں جہاز روانہ ہو چکا ہے۔ میرے پوچھنے پر انہوں نے مجھے کسٹمر سروسز سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی۔ غیر ملک اور شدید سردی اور اپنے عزیزوں سے رابطہ بھی ناممکن بالخصوص جبکہ فون نمبرز بھی یاد نہ تھے اور فون نمبرز کی ڈائریکٹری بھی سامان کے ساتھ بک ہو کر اس فلائٹ پر جا چکی تھی۔ تو اس وقت کی میری کیفیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ ایئرپورٹ کی انتظامیہ کی حفاظتی تدابیر میں غیر ضروری تاخیری حربوں کی وجہ سے جہاز پر میں سوار نہ ہو سکا تھا۔ یہاں اس امر کا بیان کرنا بھی قارئین کے استفادہ کے لئے ضروری ہے کہ ڈیلس ایئرپورٹ پر ایک ٹرمینل سے دوسرے ٹرمینل کے درمیان اس قدر فاصلہ ہے کہ شٹل پر سفر کرنا پڑتا ہے۔ جس کے لئے بعض اوقات باری کے انتظار کے لئے بھی وقت درکار ہے۔

کسٹمر کاؤنٹر پہنچنے تک اللہ تعالیٰ کے حضور اس کی مدد کے لئے دعائیں کرتا گیا۔ درود شریف دعاؤں کا لازمی حصہ تھا۔ کاؤنٹر پر پہنچ کر قطار میں کھڑا ہو کر اپنی باری کے انتظار کے دوران دعاؤں کے ساتھ مختلف خیالات ذہن میں آتے رہے کہ اگر کوئی فلائٹ آئندہ روز سے قبل نہ ہوئی تو رات کہاں بسر کرنی ہے اور اپنے عوارض کی ادویات کہاں سے حاصل کرنی ہیں جن کے پاس پہنچنا تھا اور جنہوں نے کولمبس ایئرپورٹ سے مجھے لینا تھا وہ میرے نہ پہنچنے پر کس قدر پریشان ہوں گے وغیرہ وغیرہ۔ ان خیالات نے میری توجہ کو دعاؤں سے نہ ہٹنے دیا اور بعض دفعہ تو رقت طاری ہو جاتی رہی جسے روکنا بھی مشکل ہو رہا تھا۔ اسی تگ و دو میں میری باری ایک افریقی خاتون کے کاؤنٹر پر آ گئی جنہیں میں نے اپنی پریشانی سے آگاہ کر کے کسی پہلی اگلی فلائٹ پر سیٹ کی بکنگ یا پھر کہیں ہوٹل میں قیام کی درخواست کی۔ اس درخواست کو مؤثر بنانے کے لئے میں نے انہیں بتایا کہ بی بی یہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ فون کی ڈائریکٹری میرے پاس نہیں وہ سامان کے ساتھ پہلے ہی کولمبس روانہ ہو چکی ہے اور میں کسی عزیز کو بھی صورتحال سے آگاہ نہیں کر سکتا۔ وہ مسکرائیں اور کمپیوٹر پر کام کرتے ہوئے مجھے کہنے لگیں کہ آئندہ کم از کم آپ اپنی ڈائریکٹری ساتھ رکھنا نہ بھولیں گے اور ساتھ ہی خوشی سے کہنے لگیں گڈ لک ایک ہی سیٹ آخری فلائٹ پر دستیاب ہے جو میں آپ کے لئے بک کرتی ہوں یہ فلائٹ آج ہی رات دس بجے روانہ ہوگی جبکہ ایئرپورٹ ساڑھے دس بجے رات بند ہو جاتے ہیں۔ یہ بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ اس موقعہ پر میں نے کس قدر اپنے مولیٰ کریم کا شکر ادا کیا اور اس کے ساتھ پھر بقیہ پریشانیوں کے حل کے لئے دعائیں کرتا رہا جن کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے کہ اپنے میزبان اپنی اہلیہ محترمہ کے بھتیجے عزیزم مکرم ڈاکٹر انوار الدین صاحب کارڈیالوجسٹ کو کولمبس کس طرح اطلاع دوں کہ میں پہلی فلائٹ پر سوار نہیں ہو سکا اور اب آخری فلائٹ پر آ رہا ہوں جو رات بارہ بجے کولمبس پہنچنا تھی۔ اسی اثناء میں نئے بورڈنگ کارڈ پر ٹرمینل نمبر پڑھا تو معلوم ہوا کہ پھر شٹل لے کر وہاں پہنچنا ہے۔ جب متعلقہ ٹرمینل پر پہنچا تو مسافروں کا اژدہام دیکھ کر پریشانی میں مزید اضافہ ہو گیا کہ اب تو بیٹھنے کی بھی جگہ نہ تھی جبکہ میری ٹانگیں پریشانی کی وجہ سے پہلے ہی بوجھل ہو چکی تھیں۔

پریشانی یہ نہ تھی کہ میں رات کدھر بسر کروں گا سردی کا مقابلہ کیسے کروں گا۔ ادویات کہاں سے لوں گا۔ پریشانی دراصل یہ تھی کہ کولمبس اصل فلائٹ پر نہ پہنچنے پر عزیزم مکرم انوار الدین صاحب لامحالہ میری لینڈ میں عزیز مکرم منیر الدین صاحب چوہدری سے رابطہ کریں گے۔ جو مجھے ڈیلس ایئرپورٹ چھوڑ گئے تھے۔ اس طرح دو عزیز ذہنی پریشانی میں مبتلا ہوں گے۔ دونوں یقینی طور پر میرے بیٹے ڈاکٹر جہاں زیب مسعود صاحب کو آگاہ کریں گے۔ جن کے ساتھ میری اہلیہ محترمہ اور بیٹی بھی تھیں تو اس طرح ان سب کی پریشانی کا بوجھ بھی میرے ذہن پر اثر انداز ہوا۔ اس ذہنی کشمکش میں میں اپنے ذہن پر زور دے کر اپنے بیٹے کا موبائل نمبر یاد کرنے کی کوشش کر رہا تھا جو اس وقت کولمبس سے اپنی والدہ اور بہن کو لے کر اپنے گھر کی طرف محو سفر تھا۔ کچھ نمبر کے Digit ذہن میں آئے تو ٹیلیفون کے بوتھ پر پہنچا۔ فون کرنے کے لئے چار کوارٹر درکار تھے جبکہ میرے پاس کم از کم بھی دس ڈالر کا نوٹ تھا۔ چار کوارٹر حاصل کرنے کی غرض سے ایک دکان سے پانی کی بوتل پیاس بجھانے کے لئے جو زوروں پر تھی خریدنے گیا۔ دکاندار نے نو ڈالر نوٹ کی شکل میں واپس دے دیئے۔ میں نے اپنی مشکل بیان کر کے کوارٹرز دینے کے لئے کہا تو انہوں نے معذرت کی کہ ان کے پاس کوارٹرز نہ ہیں۔ پھر ایک دوسری دکان سے ٹھنڈے دودھ کی بوتل خریدی اور اس دکاندار سے بھی کوارٹرز کا Change دینے کی درخواست کی جو نامنظور ہو گئی۔ اسی دوران ایک جگہ مجھے خالی کرسی نظر آئی میں بھاگ کر اس طرف گیا۔ پہنچنے پر دیکھا کہ ساتھ والی کرسی پر ایک میم صاحبہ اپنے کتے کے ہمراہ بیٹھی ہیں۔ میں پیچھے مڑ آیا اور کسی اور کرسی کا انتظار کرنے لگا۔ اسی دوران پانی کا ڈیڑھ لٹر پی گیا مگر کرسی بیٹھنے کو نہ ملی تو ایک طرف جا کر زمین پر بیٹھنے کا ارادہ کیا کیونکہ ابھی فلائٹ میں تین گھنٹے بقایا تھے۔ اس طرف جا رہا تھا کہ ایک دوسرے شہر جانے والی فلائٹ کا اعلان ہو گیا۔ مسافر اس فلائٹ کی طرف بھاگ اٹھے اور میں پہلی دستیاب کرسی پر لپک کر بیٹھ گیا۔ میرے پہلو میں ایک نوجوان گورا موبائل فون پر گیم کھیل رہا تھا۔ میں نے اس سے مخاطب ہو کر چار کوارٹرز کا چینج دینے کی درخواست کی، اس نے معذرت کی۔ تھوڑے وقفہ کے بعد جرأت کر کے میں نے اس نوجوان سے اپنی پریشانی اور مشکل بیان کر کے موبائل فون سے ایک کال کرنے کی اجازت مانگی۔ اس نے معذرت کرتے ہوئے بتایا کہ یہ موبائل فون نہیں بلکہ صرف وڈیو گیم ہے۔ میری اگلی درخواست پر مجھ سے ایک ڈالر کا نوٹ لیکر اس نے دکاندار سے چینج کے لئے کہا مگر انکار ہو گیا۔ اس دکان کے باہر ایک نوجوان خاتون کھڑی تھیں اس نوجوان نے ان سے چینج کی درخواست کی جس پر اس خاتون نے جلدی سے اپنا پرس اسے دیتے ہوئے کہا کہ اس میں دیکھ لو اگر ہیں تو لے لو۔ الحمدللہ کہ اس کے پرس سے مطلوبہ کوارٹرز مل گئے مگر اس نے ڈالر کا نوٹ قبول نہ کرتے ہوئے واپس کر دیا۔ میں نے اس خاتون اور نوجوان دونوں کا شکریہ ادا کیا اور بوتھ کی طرف فون کرنے چلا گیا۔ ذہن میں اپنے بیٹے کا جو نمبر یاد تھا ڈائل کیا تو مصروف ملا۔ دو تین مرتبہ کی کوشش کے بعد معاً خیال آیا کہ اگر یہ غلط نمبر ہوا تو یہ کوارٹرز بھی ضائع ہو جائیں گے اور میں پھر واپس سکوائر ایک میں چلا جاؤں گیا اس خیال کے آتے ہی میں نے فون بند کر دیا پھر دعا کرنے کے بعد دوبارہ ملایا اور پھر اسی خیال کے ذہن میں آنے پر بند کر دیا۔ دو تین مرتبہ ایسے ہوا تو پھر ذہن میں آیا کہ کب تک ایسا کرو گے؟ اللہ پر توکل کر کے نمبر ملاؤ اور خدا کی قدرت دیکھو۔ اس کے بعد جب فون ملایا تو چند مرتبہ گھنٹی بجنے کے دوسری طرف سے اپنے بیٹے کی آواز سنی تو خوشی سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کے شکر ادا کرنے کے نتیجہ میں رقت طاری ہو گئی۔ مشکل سے کپکپائی آواز میں اپنا مدعا بیان کیا کہ کال ختم ہو گئی۔

ادھر میری یہ حالت کہ غلط کال کے نتیجہ میں کوارٹرز ضائع ہو جائیں گے اور ادھر دوسری طرف میری بیٹی کے اصرار کے باوجود بیٹا فون نہیں سن رہا کہ اکثر غلط کال آتی ہیں جس پر بیٹی نے اسے کہا کہ بھائی فون سن لو شاید لندن سے میرے میاں (عزیزم مکرم سید بشیر احمد) ہی فون کر رہے ہوں۔ اس پر میرے بیٹے نے فون سنا تو میری مشکل حل ہو گی۔

اللہ اللہ کر کے انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئیں اور میری فلائٹ اناؤنس ہوئی تو میں متعلقہ گیٹ کی طرف بھاگا مبادا یہ فلائٹ بھی کہیں Miss ہو جائے۔ جہاز میں داخل ہوا تو چھوٹا طیارہ تھا۔ جھک کر اپنی سیٹ تلاش کر رہا تھا تو کندھے اس کی چھت سے ٹکرا رہے تھے۔ ونڈو سیٹ تھی جہاں اوپر سامان والے کیبن کی وجہ سے سر اٹھا کر بیٹھنا بھی مشکل تھا۔ ساتھ والے مسافر سے درخواست کر کے گزرگاہ والی سیٹ پر بیٹھا اور جہاز اڑا تو پیشاب کی شدت سے آمد ہوئی۔ Toilet گیا تو کندھے تو کجا کمر بھی چھت پر لگ رہی تھی اور اس قدر جھک کر کموڈ تک پہنچنا مشکل ہو رہا تھا۔ مرتا کیا نہ کرتا جس قدر بھی پیشاب کر سکا کر کے واپس سیٹ پر پہنچا۔ جھکنے سے ٹانگیں اور بھی کانپنے لگی تھیں۔ مشکل سے سفر کٹا کولمبس ایئرپورٹ پہنچے تو بھاگم بھاگ پیشاب کرنے کے لئے ریسٹ روم گیا۔ سامان والے دفتر پہنچا کوئی اہلکار موجود نہ تھا کیونکہ رات کے بارہ بج چکے تھے اور ایئرپورٹ کا عملہ ساڑھے دس بجے بند کر کے جا چکا تھا۔ دائیں بائیں دیکھا تو ایک جگہ سامان لائن میں پڑا تھا۔ اپنا سامان پہچانا، اٹھایا ٹرالی پر رکھ کر باہر کا راستہ لیا۔ جب باہر پہنچا یخ بستہ ہوا نے استقبال کیا۔ مکرم ڈاکٹر انوار الدین صاحب کو ہر طرف تلاش کیا مگر نہ ملے تو پہلی والی پریشانی پھر عود کر آئی۔ اس حالت میں واپس ایئرپورٹ کے اندر داخل ہوا اس خیال سے کہ چلو اب رات یہاں گزاروں گا صبح ہو گی تو دیکھیں گے یہ سوچ کر اچھی سی جگہ کی تلاش میں جا ہی رہا تھا پیچھے سے عزیزم مکرم مصباح الدین صاحب ابن مکرم ڈاکٹر

باقی صفحہ 5 پر

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 73850 میں حوالدار مشتاق احمد

ولد جان محمد قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 44 سال بیعت 1974ء ساکن میرپورخاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی مکان برقبہ 120 گز اندازاً مالیتی -/300000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/7000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ حوالدار مشتاق احمد۔ گواہ شد نمبر 1 محمد صدیق مربی سلسلہ وصیت نمبر 28484۔ گواہ شد نمبر 2 میاں رفیق احمد آرائیں وصیت نمبر 28901

مسل نمبر 73851 میں سیدہ شازیہ مسعود

زوجہ سید مسعود احمد شاہ قوم سید پیشہ ملازمت عمر......سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن سٹلائیٹ ٹاؤن میرپورخاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-6-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/20000 روپے (2) طلائی زیور 50 گرام مالیتی -/65000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/7000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ سیدہ شازیہ مسعود۔ گواہ شد نمبر 1 سید مسعود احمد شاہ خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 میاں رفیق احمد آرائیں وصیت نمبر 28901

مسل نمبر 73852 میں مبشر احمد

ولد حاکم دین قوم مغل پیشہ ملازمت عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصرت آباد فارم ضلع میرپورخاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 24-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ مبشر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 محمد احسن میمن مربی سلسلہ ولد ڈاکٹر محمد ارشد میمن۔ گواہ شد نمبر 2 حبیب اللہ ولد عطاء اللہ

مسل نمبر 73853 میں رفعت خالد

زوجہ خالد احمد قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصرت آباد فارم ضلع میرپورخاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-7-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 3 تولے مالیتی -/40000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ رفعت خالد۔ گواہ شد نمبر 1 محمد احسن میمن مربی سلسلہ ولد ڈاکٹر محمد ارشد میمن۔ گواہ شد نمبر 2 منان احمد چٹھہ ولد منور احمد چٹھہ

مسل نمبر 73854 میں مسرت بیگم

زوجہ گلزار احمد قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 65 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصرت آباد فارم ضلع میرپورخاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 4-7-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 4 تولے مالیتی اندازاً -/60000 روپے (2) حق مہر ادا شدہ -/1000 روپے (3) 1 عدد بھینس مالیتی -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مسرت بیگم۔ گواہ شد نمبر 1 محمد احسن میمن مربی سلسلہ۔ گواہ شد نمبر 2 تنویر احمد ولد گلزار احمد

مسل نمبر 73855 میں شکیل احمد کھوکھر

ولد بشیر احمد کھوکھر قوم کھوکھر پیشہ الیکٹریشن عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نفیس نگر ضلع میرپورخاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 27-6-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ شکیل احمد کھوکھر۔ گواہ شد نمبر 1 محمد صدیق مربی سلسلہ وصیت نمبر 28484 گواہ شد نمبر 2 محمد احسن میمن مربی سلسلہ

مسل نمبر 73856 میں ماجدہ پروین

